سبقی منصوبہ بندی:1	مضمون:اسلامیات	جماعت:پنجم	تیسری سہ ماہی
وقت:40منٹ	تاریخ:_______	ہفتہ:6	اُستاد کا نام:_______

سبق کا نام: دُعائیں	بابِ اوّل: قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی خاتم النبیین ﷺ

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سبق میں شامل دُعاؤں کو حفظ کر سکیں۔(گھر میں داخل ہونے کی دُعا)
- ان دعاؤں کو سمجھ کر اپنی روزمرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے سوال کریں کہ کیا وہ جانتے ہیں کہ دُعا کے معنٰی کیا ہیں۔ انھیں بتائیں دُعا عربی زبان کا لفظ ہے۔ جس کے معنٰی التجا اور پُکار کے ہیں۔ حقیقت میں دُعا ہی عبادت ہے۔ دُعا کا مقصد ہے کہ ہم اللہ کو ہر موقع پر یاد رکھتے ہیں۔ اس کی رحمت کو طلب کرتے ہیں۔ ہم سب اپنی ضروریات کے لیے اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں اور اللہ سے مانگتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ اس کا بندہ اس سے اپنی ضروریات اور حاجات کے لیے گڑ گڑا کر دُعا مانگے۔

طریقہ تدریس: 25منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۱۲ سے گھر میں داخل ہونے کی دُعا پڑھائیں۔
- طلبہ کو یہ دُعا پانچ حصّوں (اللهم انی اسئلك، خير المولج و خير المخرج، بسم الله ولجنا، و بسم الله خرجنا، وعلى الله ربنا تو كلنا) میں پڑھائیں۔ اس لیے اس دُعا کو پانچ حصّوں میں تقسیم کر دیں۔ ہر حصّے کو خود دُرست تلفظ سے پڑھیں۔ پھر بچوں کو ہدایت کریں کہ آپ کے ساتھ پانچ بار دُرست تلفظ سے پڑھیں۔ ہر اگلے حصے کی مشق کروانے کے بعد پچھلے حصے کو ساتھ ملا کر مشق کروائیں۔ اس طرح مکمل دُعا یاد کروائیں۔

- طلبہ کو اس دُعا کا ترجمہ واضح کریں۔اے اللہ ! میں تجھ سے گھر کے اندر اور گھر سے باہر خیر کا سوال کرتا ہوں،اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوئے،اور اللہ کے نام کے ساتھ ہم نکلے ،اور اپنے پروردگار پر ہم نے توکل کیا۔(سنن ابوداؤد، حدیث ۵۹۶) یہ پڑھ کر گویا کہ مسلمان گھر سے نکلتے ہوئے ہمیشہ اللہ پر توکل کا اظہار کرتا ہے اور ہر دم اس سے اپنا تعلق مضبوط بناتا ہے۔

اعادہ: **2منٹ**

دُعا یاد کریں۔

جائزہ: **6منٹ**

بچوں سے دُعا سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

گھر میں دُعا یاد کریں۔

سبقی منصوبہ بندی:2	مضمون:اسلامیات	جماعت:پنجم	تیسری سہ ماہی
وقت:40منٹ	تاریخ:______	ہفتہ:6	اُستاد کا نام:______

سبق کا نام: دُعائیں	باب اوّل: قرآنِ مجید و حدیث نبوی خاتم النبیین ﷺ

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- گھر سے نکلنے کی دُعا یاد کر سکیں۔
- ان دعاؤں کو سمجھ کر اپنی روز مرّہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے دُعا کے لفظی معنٰی پوچھیں۔ طلبہ سے گھر میں داخل ہونے کی دُعا مع ترجمہ سنیں۔

طریقہ تدریس: 25منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے گھر سے نکلنے کی دُعا کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ جب بھی گھر سے باہر قدم رکھیں تو یہ دُعا ضرور پڑھیں۔ ہم اس دُعا کی برکت سے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہیں گے۔
- طلبہ کو دُعا کا لفظی اور با محاورہ ترجمہ بتائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ، میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسا کیا۔ بُرائی سے بچنے کی قوت اور نیکی کرنے کی طاقت صرف اللہ تعالیٰ کی توفیق سے ہے۔ (سنن ابو داؤد، حدیث ۵۰۹۵)

اعادہ: 2منٹ

دُعا یاد کریں۔

جائزہ: **6منٹ**

بچوں سے دُعا سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

گھر میں دُعا یاد کریں۔

تیسری سہ ماہی	جماعت: پنجم	مضمون: اسلامیات	سبقی منصوبہ بندی: 3
اُستاد کا نام: ______	ہفتہ: 6	تاریخ: ______	وقت: 40منٹ

باب اوّل: قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی خاتم النبیین ﷺ	سبق کا نام: دُعائیں

حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سفر کی دُعا یاد کر سکیں۔
- سبق میں شامل دُعاؤں کے معنی و مفہوم کو جان کر نماز میں پڑھ سکیں۔

تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ حقیقت میں دُعا ہی عبادت ہے۔ دُعا کا مقصد ہے کہ ہم اللہ کو ہر موقع پر یاد رکھتے ہیں۔ اللہ کے نبی خاتم النبیین ﷺ نے ہمیں ہر موقع کے لیے دُعا سکھائی ہے۔ ہم مختلف ضروریات کے لیے اللہ سے دُعا مانگتے ہیں۔

طریقہ تدریس: 25منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۱۳ سے سفر کی دُعا کتاب سے دیکھ کر پڑھوائیں اور بچوں سے پانچ سے سات بار کہلوائیں تا کہ انھیں یاد ہو جائے۔ دُعا تین حصوں میں تقسیم کر لیں تا کہ بچے آسانی سے یاد کر سکیں۔ پہلا حصہ ''سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا'' دوسرا'' حصہ وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقۡرِنِیۡنَ'' تیسرا حصہ ''وَاِنَّاۤ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ'' ہر حصے کو پانچ سے سات بار بچوں سے کہلوائیں تا کہ انھیں اچھی طرح یاد ہو جائے۔
- طلبہ کو دُعا کا ترجمہ بتائیں۔

ترجمہ: پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخر کیا اور ہم اس کو قابو نہیں کر سکتے تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

اعادہ: 2منٹ

طلبہ کے ساتھ مل کر سفر کی دُعا دہرائیں۔

جائزہ: **6منٹ**

طلبہ سے سفر کی دُعا سنیں۔

گھر کا کام: **2منٹ**

گھر میں چھوٹے بہن بھائیوں کو سفر کی دُعا یاد کروائیں۔